Shabbir / Fazil

19-03-2026

08.30 Hrs

HL-Opening

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں کلیم احمد

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1- مرکزی کابینہ نے دور دراز کے اور دیہی علاقوں میں ماحولیات کیلئے سازگار توانائی کے اقدامات کو بڑھاوا دینے کی خاطر 2 ہزار 585 کروڑ روپے مالیت کی چھوٹی پَن بجلی ترقیاتی اسکیم کو منظوری دی ہے۔

2- سرکار نے، Toll وصولیابی نظام اور ڈیجیٹل نفاذ کو مستحکم بنانے کی خاطر قومی شاہراہوں سے متعلق 2026 کے فیس ضابطوں میں ترمیم کی ہے۔

3- ایئر انڈیا اور ایئر انڈیا ایکسپریس آج مغربی ایشیاء خطّے میں جانے اور آنے والی 48 پروازیں چلائیں گی۔

4- ایران نے، قطر کے Ras Laffan صنعتی شہر پر حملہ کیا، جس سے کافی نقصان ہوا ہے۔ قطر نے، ایران کے سفارتکاروں اور فوجی اہلکاروں کو جلد سے جلد وہاں سے چلے جانے کا حکم دیا ہے۔

5- ہندو نئے سال کے آغاز کے موقعے پر 9 روزہ چیتر نَوراتری تہوار جوش و خروش کے ساتھ شروع ہو گیا ہے۔

6- اور IPL کرکٹ میں، Pat Cummins کے چوٹ لگنے کی وجہ سے ایشان کشن شروع کے میچوں میں سن رائزرس حیدرآباد کی کمان سنبھالیں گے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

Cabinet Briefing

مرکزی کابینہ نے، تقریباً ڈیڑھ ہزار میگاواٹ کے چھوٹے پَن بجلی پروجیکٹ لگانے کیلئے 2 ہزار 584 کروڑ روپے سے زیادہ کے اخراجات کے ساتھ چھوٹی پَن بجلی ترقیاتی اسکیم کو منظوری دی ہے۔ یہ اسکیم 2026-27 سے لیکر 2030-31 کی مدّت کیلئے ہوگی۔

کابینہ میٹنگ کے بعد نئی دلّی میں نامہ نگاروں کو جانکاری دیتے ہوئے اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ مذکورہ اسکیم کے تحت ریاستوں کو بھی ترغیب دی جائے گی، تاکہ وہ مستقبل میں چھوٹے پَن بجلی پروجیکٹوں کا خاکہ تیار کرنے کیلئے تقریباً 200 پروجیکٹوں کے سلسلے میں ایک تفصیلی پروجیکٹ رپورٹ تیار کریں۔

Byte - Ashwini Vaishnaw

مرکزی کابینہ نے 33 ہزار 660 کروڑ روپے کے اخراجات کے ساتھ ایک سو Plug and Play صنعتی پارک تیار کرنے کیلئے بھارت اودیوگِک وِکاس یوجنا (BHAVYA) کو بھی منظوری دی ہے۔

کسانوں کی بہبود کو مستحکم بنانے اور آتم نربھر بھارت کے نظریے کو آگے بڑھانے کی سمت ایک اہم قدم کے طور پر کابینہ نے کپاس کے 2023-24 کے سیزن کیلئے کاٹن کارپوریشن آف انڈیا کے واسطے ایک ہزار 718 کروڑ روپے سے زیادہ کی MSP فنڈنگ کو بھی منظوری دی ہے۔

Cabinet Briefing

اس کے علاوہ کابینہ نے اترپردیش میں بارہ بنکی سے بہرائچ تک 101 کلو میٹر طویل 4 لین کی Access کنٹرول والی قومی شاہراہ 927 کی تعمیر کی بھی منظوری دی ہے۔ اس پر 6 ہزار 969 کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت آئے گی۔×

National Highway Rules

سرکار نے، قومی شاہراہوں پر Toll کی وصولیابی کے نظام کو مستحکم بنانے کی خاطر قومی شاہراہوں سے متعلق فیس ضابطوں میں ترمیم کو نوٹیفائی کر دیا ہے۔ اس قدم سے Toll کے عمل میں مزید شفافیت آئے گی، سرمایہ کاروں کے اعتماد میں اضافہ ہوگا اور قانونی اور مالی تحفظات فراہم کیے جا سکیں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Rishu Jaiswal

قومی شاہراہوں کے فیس ضابطوں میں ترمیم سے، صارفین کی طرف سے فیس ادا نہ کیے جانے کی صورت میں وصولیابیاں کا ایک منظّم طریقہ کار فراہم ہوگا۔ یہ بل ٹول وصولیابی کے ڈجیٹل نفاذ کو مستحکم بنانے اور صارف فیس کی شفاف طریقے سے وصولیابی کو یقینی بنانے کے مقصد سے متعارف کرایا گیا ہے۔ اِس طریقۂ کار میں ٹیکنالوجی پر مبنی الیکٹرانک نوٹس نظام بھی شامل ہے۔ اِس نظام کے تحت رجسٹرڈ گاڑیوں کے مالکان کو الیکٹرانک نوٹس جاری کیے جائیں گے، جن میں گاڑی کی تفصیلات، کسی شاہراہ سے اُس گاڑی کے گزرنے کی تاریخ اور مقام اور واجب الادا رقم درج ہوگی۔ اِس میں گاڑی مالکان یا ڈرائیور کی طرف سے شکایات کے ازالے کا بھی التزام کیا گیا ہے۔ یہ ترمیم ملک میں جدید ٹول نظام کے قیام کی سمت میں ایک اہم قدم ہے۔

دلی سے رشو جیسوال کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں.....

BJP CEC Meeting

BJP کے نئی دلی میں واقع ہیڈ کوارٹرس میں کل پارٹی کی سینٹرل الیکشن کمیٹی کی میٹنگ منعقد کی گئی۔ وزیراعظم نریندر مودی، وزیر داخلہ امت شاہ، وزیر دفاع راجناتھ سنگھ، BJP صدر نتن نبین اور دیگر سینئر لیڈروں نے اِس میٹنگ میں شرکت کی۔ اِس میٹنگ کا انعقاد پدو چیری میں آئندہ اسمبلی انتخابات کے لیے امیدواروں کے ناموں پر حتمی فیصلہ لینے کے لیے کیا گیا تھا۔x

WB ECI Issues

انتخابی کمیشن نے مغربی بنگال میں انتظامی اور پولیس عہدیداروں کا بڑے پیمانے پر ردّ و بدل کیا ہے۔ چناوٗ کمیشن نے 11 ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ صاحبان کو ہٹا دیا ہے، جو ضلع چناوٗ افسر کے طور پر بھی کام کر رہے تھے۔

کوچ بہار، جلپائی گُڑی، مالدہ، مرشدآباد، نادیہ اور شمالی اور جنوبی چوبیس پرگنہ سمیت مختلف ضلعوں میں عہدیداروں کا تبادلہ کیا گیا ہے۔

اس سے قبل DIG رتبے کے 5 افسروں کو بھی ہٹایا گیا تھا۔ جن اہلکاروں کو ہٹایا گیا ہے، اُنہیں چناوٗ عمل پورا ہونے تک انتخابات سے متعلق ڈیوٹی پر متعین نہیں کیا جائے گا۔x

President Ayodhya

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج ایودھیا جائیں گی۔ وہ اتر پردیش کے تین دن کے دورے پر ہیں۔ صدر جمہوریہ ایودھیا میں شری رام جنم بھومی مندر میں درشن اور آرتی کریں گی اور شری رام ینتر اِستھاپنا تقریب میں شرکت کریں گی۔ بعد میں وہ متھرا ورِنداوَن روانہ ہو جائیں گی، جہاں وہ مختلف پروگراموں میں شامل ہوں گی اور درشن اور پوجن کریں گی۔

ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ ایودھیا میں چیتر نو راتری کے پہلے دن صدر جمہوریہ رام مندر میں ویدک رسومات میں شرکت کریں گی اور مندر کی دوسری منزل پر شری رام ینتر نصب کیے جانے کے موقعے پر موجود رہیں گی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Sushil Chandra Tiwari

Navrati

چیتر نَو راتری کا تہوار پورے ملک میں پورے جوش خروش اور عقیدت کے ساتھ شروع ہو گیا ہے۔ قومی راجدھانی سمیت مختلف مندروں میں صبح کی آرتی کے ساتھ اس نو روزہ فیسٹیول کا آغاز ہوا، جہاں بڑی تعداد میں

عقیدتمند آشیرواد حاصل کرنے کیلئے جمع ہوئے۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Shivang Misra

نَو راتری کا تہوار دیوی دُرگا اور اُن کے 9 اوتاروں کیلئے وقف ہے، جنہیں نَو دُرگا کہا جاتا ہے۔ 9 روزہ نَو راتری کا ہر دن دیوی دُرگا کے ایک الگ اوتار کیلئے وقف ہوتا ہے، جو قوت، پَوترتا اور دانشمندی کی عکاسی کرتا ہے۔ اگرچہ سال میں 4 نَو راتری آتی ہیں، لیکن چیتر نَو راتری اور شاردیہ نَو راتری سب سے زیادہ منائی جاتی ہیں۔ چیتر نَو راتری خاص اہمیت کی حامل ہے، کیونکہ یہ موسمِ بَہار کی آمد اور ہندو نئے سال کے آغاز کے ساتھ ساتھ ہوتی ہے، جو روحانی پَوترتا اور نئی شروعات کی علامت ہے۔ اس موقعے پر عقیدتمند 9 دن تک بَرت رکھتے ہیں اور ساتوِک کھانا ہی کھاتے ہیں۔ روزانہ خصوصی پوجا ارچنا، بھجن اور آرتی کا اہتمام ہوتا ہے۔
دلّی سے شیوانگ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں............

PM Navratri

وزیر اعظم نریندر مودی نے نَو راتری کے موقعے پر لوگوں کو مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر وزیر اعظم نے امید ظاہر کی ہے کہ شکتی کی پوجا کے اس روحانی موقعے پر سبھی کیلئے مسرت، خوشحالی، خوش قسمتی اور تندرستی آئے گی۔ جناب مودی نے پرارتھنا کی کہ شکتی سوروپ، ماں دُرگا کے آشیرواد سے سبھی کیلئے بہبود کا دور دورہ ہوگا اور ترقی یافتہ بھارت کیلئے ملک کے عزم کو نئی تقویت ملے گی۔×

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

AIr India-West Asia Flights

ایئر انڈیا اور ایئر انڈیا ایکسپریس آج مغربی ایشیاء خطّے کیلئے مجموعی طور پر 48 طے شدہ اور غیر طے شدہ پروازیں چلائیں گی۔ دونوں فضائی کمپنیاں جدّہ کیلئے 16 پروازوں سمیت جدّہ اور مسقط کیلئے اپنی معمول کی خدمات برقرار رکھیں گی۔

ایئر انڈیا دلّی اور ممبئی سے ایک-ایک پرواز چلائے گی، جبکہ ایئر انڈیا ایکسپریس بنگلورو، حیدرآباد اور کوزی کوڈ سے پروازوں کا بندوبست کرے گی۔

اس کے علاوہ ایئر انڈیا دلّی سے ریاض اور پھر وہاں سے واپسی کیلئے دو پروازیں بھی چلائے گی۔ ×

Qatar Iran

قطر کے Ras Laffan صنعتی شہر پر کل ایران نے میزائل حملہ کیا، جس سے دونوں ملکوں کے درمیان سفارتی کشیدگی بڑھ گئی ہے۔ قطر کی سرکاری ملکیت کی پیٹرولیم کمپنی ''قطر ایزجی'' نے ایک بیان میں کہا ہے کہ اس حملے میں کافی نقصان ہوا ہے اور اس کے نتیجے میں وہاں آگ لگ گئی، جس پر قابو پانے کیلئے فوری طور پر ایمرجنسی ٹیموں کو لگایا گیا۔

اِدھر قطر کی وزارتِ خارجہ نے ایران کے سفارتکاروں، فوجی اور سکیورٹی نمائندوں اور اُن کے عملے کو ملک سے چلے جانے کا حکم دیا ہے۔ اُس نے ایک باضابطہ نوٹ میں کہا ہے کہ قطر، ایران کے سفارتخانے میں فوجی اتاشی اور سکیورٹی اتاشی دونوں کو اور ساتھ ہی اُن کے متعلقہ عملے کو ناپسندیدہ افراد تصور کرتا ہے۔ اُن سے 24 گھنٹے کے اندر–اندر ملک سے باہر چلے جانے کو کہا گیا ہے۔×

West Asia Conflict

مغربی ایشیاء میں کشیدگی میں تیزی کے ساتھ اضافہ ہوا ہے۔ ایران میں، قدرتی گیس کے دنیا کے سب سے بڑے کنویں سے منسلک مراکز پر امریکہ اور اسرائیل نے حملہ کیا ہے۔ ایران کے سرکاری میڈیا کے مطابق گیس پروسیسنگ پلانٹ اور پیٹرو کیمیکل مراکز کو نشانہ بنایا گیا۔ وہاں پر آگ بھی لگ گئی تھی، جسے بعد میں کنٹرول کر لیا گیا۔

اس حملے کے بعد ایران کے سپاہِ پاسدارانِ انقلاب اسلامی نے وارننگ دی ہے اور خلیج کے کئی ملکوں کے توانائی کے ٹھکانوں پر حملے کرنے کی بات کہی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Vinod Kumar

تہران کی دھمکیوں سے اِس تنازعے میں مزید اضافہ ہو گیا ہے، کہ جس سے پہلے ہی توانائی کے عالمی بازار پر پہلے ہی برا اثرا پڑا ہے اور صورتحال مزید خراب ہونے خوف سے دنیا میں خام تیل اور گیس کی قیمتیں بڑھ گئی ہیں۔ خلیجی ممالک نے اِن دھمکیوں کی مذمت کی اور شہری بنیادی ڈھانچے کی حفاظت اور استحکام کو برقرار رکھنے کی اہمیت پر زور دیا۔

توانائی کے اثاثوں کو نشانہ بنائے جانے سے اِس بحران میں اضافہ ہو سکتا ہے۔اِس کے اقتصادی طور پر برے نتائج ہو سکتے ہیں اور خطے کے اور ممالک بھی اِس تنازعے میں شامل ہو سکتے ہیں، جس سے ایک بڑی جنگ کا خطرہ بڑھ گیا ہے۔

توانائی کی عالمی مارکیٹس میں اِس پر شدید ردعمل ظاہر کیا ہے۔

برینٹ خام تیل کی قیمت تقریباً چھ فیصد اضافے کے ساتھ 110 فیصد فی بیرل تک پہنچ گئی ہے اور یوروپی گیس کی شرحوں میں سات فیصد اضافہ ہوا ہے۔ تجزیہ کاروں نے خبر دار کیا ہے کہ مسلسل حملوں سے یہ تنازع بڑھ سکتا ہے اور اِس سے عالمی LNG سپلائی متاثر ہوسکتی ہے۔ خلیجی توانائی کا بنیادی ڈھانچہ ہائی الرٹ پر ہے۔

متحدہ عرب امارات، سعودی عرب اور قطر نے ایمرجنسی حفاظتی اقدامات کر لیے ہیں۔ سفارتی کوششیں جاری ہیں۔ ریاض میں عرب اور اسلامی ممالک کے وزراءِ خارجہ کی میٹنگ منعقد کی گئی، تاکہ صورتحال کو مزید کشیدہ ہونے سے روکا جا سکے۔

دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں

Ishan Kishan-Interim Captain-IPL

انڈین پریمئر لیگ آئی پی ایل 2026 کے شروع کے کچھ میچوں میں ایشان کشن سن رائزرس حیدرآباد کی قیادت کریں گے، کیونکہ Pat Cummins کمر میں چوٹ لگنے کے بعد ابھی پوری طرح صحتیاب نہیں ہوئے ہیں۔ اس عرصے کے دوران ابھیشیک شرما ٹیم کے نائب کپتان رہیں گے۔ اطلاعات کے مطابق سن رائزرس حیدرآباد کے کپتان Cummins کے پوری طرح Fit ہونے تک یہ عارضی بندوبست کیا گیا ہے۔ ×

Guj.Narmada Parikarma

ایک ماہ طویل اتروہنی نربدا پریکرما آج گجرات میں شروع ہو رہی ہے۔ پوِتر نربدا دریا کے نزدیک 30 کلو میٹر کے اس روحانی سفر کیلئے ملک بھر سے لاکھوں عقیدتمند جمع ہوں گے۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ ریاستی سرکار نے یاتریوں کی سہولت کیلئے لازمی ڈیجیٹل رجسٹریشن نظام شروع کیا ہے اور جدید طرز کی سہولیات کا بندوبست کیا ہے۔

پیش ہے ایک رپورٹ

V/C - Aparna Khunt

یہ 30 کلومیٹر طویل پوتر یاترا دریائے Narmada کے کنارے واقع Rampura سے شروع ہوتی ہے اور پریکرما مکمل کرنے کے بعد اسی مقام پر ختم ہوتی ہے۔ گجرات، مدھیہ پردیش، مہاراشٹر، راجستھان اور ملک بھر سے آنے والے لاکھوں یاتریوں کی سہولت کے لئے انتظامیہ نے اِس بار ڈجیٹل رجسٹریشن کو لازمی قرار دیا ہے۔

دس کروڑ روپے کی لاگت سے تیار کیے گئے اِس 30 کلومیٹر کے راستے پر RFID ٹیکنالوجی اور CC TV

نگرانی سمیت جدید حفاظتی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق اِس یاترا میں شامل ہونے والے عقیدتمندوں کی تعداد میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، 2024 میں جہاں، چار لاکھ عقیدتمندوں نے پریکرما کیا تھا، وہیں گزشتہ برس یہ تعداد دس لاکھ سے تجاوز کر گئی تھی۔x

اپرنا کھنٹ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ......

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے جموں کشمیر اور لداخ میں کل تک شدید بارش کا سلسلہ جاری رہنے کے امکان کے مدنظر اورینج الرٹ جاری کیا ہے۔ موسمیات محکمے نے دلّی، پنجاب، ہریانہ، ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، راجستھان، چنڈی گڑھ، چھتیس گڑھ، مشرقی مدھیہ پردیش، مدھیہ مہاراشٹر، مراٹھواڑہ، اُڈیشہ اور مغربی اترپردیش میں آج گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے اور اولے گرنے کی پیشگوئی کی ہے۔

اُدھر آندھراپردیش، گجرات، مدھیہ پردیش، کرناٹک کے شمالی اندرونی علاقوں، تلنگانہ اور وِدربھ میں بھی گرج چمک کے ساتھ بارش ہونے کا امکان ہے۔ x

Must Anuncment

People's Padma On Akashwani سلسلے کے تحت ہم نے ایک ماہرِ نباتات گمبھیر سنگھ Yonzone سے بات کی، جنہیں ادب اور تعلیم کے شعبے میں اُن کے اہم رول کے صلے میں پدم شری سے سرفراز کیا جائے گا۔

S/B 0815 Promo Must Ann.

اُن کے ساتھ یہ گفتگو آپ آج صبح نو بجکر دس منٹ پر 100 اعشاریہ ایک، آکاشوانی گولڈ پر سن سکتے ہیں۔ یہ پروگرام نیوز آن AIR ایپ اور نیوز آن AIR آفیشیل یوٹیوب چینل پر بھی دستیاب ہوگا۔x

Antonioi Guteerress

اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انتونیو گتریس نے کابل کے ایک اسپتال پر پاکستان کے وحشیانہ فضائی حملے کی سخت مذمت کی ہے۔ اور اس واقعے کی آزادانہ تحقیقات کی اپیل کی۔ سکریٹری جنرل کے ترجمان نے بتایا کہ جناب گتریس نے اِس پر زور دیا کہ بین الاقوامی قانون کے تحت مریضوں، طبی عملے اور حفظانِ صحت کی Facility کی ہمیشہ حفاظت کی جانی چاہیے۔

اِس سے قبل افغانستان نے کہا کہ ایک اسپتال پر پاکستان کے حملے میں 400 سے زیادہ لوگ ہلاک ہوگئے۔

اس دوران، پاکستان اور افغانستان نے عیدالفطر کے پیشِ نظر کئی خلیجی ممالک کی درخواست پر عارضی جنگ بندی کا اعلان کیا ہے۔x

خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......کونین

شکریہ ۔کلیم

قومی راجدھانی سے شائع ہونے والے آج کے اردو اخبارات کی شہ سرخیاں ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔

وزیراعظم نریندر مودی نے راجیہ سبھا سے 59 ارکان کے ریٹائرمنٹ کے سلسلے میں کہا کہ سیاست میں کبھی بھی فل اسٹاپ نہیں ہوتا ہے اور عوامی خدمت ایوان کے باہر بھی جاری رہتی ہے۔ اس خبر کو بیشتر اردو اخبارات نے اپنے پہلے صفحے پر پیش کیا ہے۔

دلی کے پالم میں آتشزدگی کے ایک واقعے میں کئی افراد کے ہلاک ہونے کی خبر کو بھی بیشتر اخبارات نے پہلے صفحے پر شائع کیا ہے۔

ہندوستان ایکسپریس نے لکھا ہے کہ وزیراعظم نریندر مودی 28مارچ کو نوئیڈا بین الاقوامی ہوائی اڈے کا افتتاح کریں گے۔

مرکزی حکومت نے کہا ہے کہ ایل پی جی سلنڈر کی بکنگ کے بعد صارفین انتظار کریں،تقسیم کاروں کے یہاں قطار نہ لگائیں۔ اس خبر کو ہندوستان ایکسپریس اور پرتاپ سمیت کئی اخبارات نے اپنے پہلے صفحے پر پیش کیا ہے۔

قومی راجدھانی میں تیز آندھی کے بعد بارش سے متعدد علاقوں میں ٹریفک جام۔ اس خبر کو بیشتر اخبارات نے اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

اس کے علاوہ آج کے اردو اخبارات کی اہم بین الاقوامی خبروں کی سرخیاں اس طرح ہیں:

☆ ڈونلڈ ٹرمپ نے چین کا دورہ ملتوی کیا۔
☆ ایران میں قدرتی گیسوں کے ذخیرے پر اسرائیل کا حملہ
☆ ایران کو جدید ٹیکنالوجی فراہم کرنے کے دعوے کی روس نے تردید کی۔
☆ متحدہ عرب امارات نے کھلے میدان میں عید کی نماز پر پابندی۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- مرکزی کابینہ نے دور دراز کے اور دیہی علاقوں میں ماحولیات کیلئے سازگار توانائی کے اقدامات کو بڑھاوا دینے کی خاطر 2 ہزار 585 کروڑ روپے مالیت کی چھوٹی پَن بجلی ترقیاتی اسکیم کو منظوری دی ہے۔

2- سرکار نے، Toll وصولیابی نظام اور ڈیجیٹل نفاذ کو مستحکم بنانے کی خاطر قومی شاہراہوں سے متعلق 2026 کے فیس ضابطوں میں ترمیم کی ہے۔

3- ایئر انڈیا اور ایئر انڈیا ایکسپریس آج مغربی ایشیاء خطّے میں جانے اور آنے والی 48 پروازیں چلائیں گی۔

4- ایران نے، قطر کے Ras Laffan صنعتی شہر پر حملہ کیا، جس سے کافی نقصان ہوا ہے۔ قطر نے، ایران کے سفارتکاروں اور فوجی اہلکاروں کو جلد سے جلد وہاں سے چلے جانے کا حکم دیا ہے۔

5- ہندو نئے سال کے آغاز کے موقعے پر 9 روزہ چیتر نَوراتری تہوار جوش و خروش کے ساتھ شروع ہو گیا ہے۔

6- IPL اور کرکٹ میں، Pat Cummins کے چوٹ لگنے کی وجہ سے ایشان کشن شروع کے میچوں میں سن رائزرس حیدرآباد کی کمان سنبھالیں گے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

------------------------------------